کل نمبر:25 — اُردو (ہشتم) ٹیسٹ نمبر1 — وقت:30 منٹ

چوتھا مہینا، دوسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس**: دُہرائی ٹیسٹ (دوسرا ہفتہ)

(حصہ اوّل)

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (13)

1۔ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے:

(الف)	بلوچستان	(ب)	سندھ	(ج)	پنجاب	(د)	خیبر پختون خوا

2۔ دُرست تلفّظ ہے:

(الف)	کیف۔یت	(ب)	کے۔فی۔یت
(ج)	ک۔ے۔ف۔ی۔ت	(د)	تمام دُرست

3۔ ''ان مول'' قواعد کی رُو سے ہے:

(الف)	متشابہ	(ب)	مترادف	(ج)	سابقہ	(د)	لاحقہ

4۔ تغیّر وتبدل کا معنٰی ہے:

(الف)	تبدیلیاں	(ب)	فرق	(ج)	انقلاب	(د)	تینوں دُرست

5۔ بلندوبالا قواعد کی رُو سے ہے:

(الف)	مرکب عطفی	(ب)	مرکب عددی	(ج)	مرکب اضافی	(د)	مرکب اشاری

6۔ جمع الفاظ کی نشان دہی کریں:

(الف)	موسم، آئس کریم	(ب)	نعمتوں، احساسات	(ج)	دریا، وطن	(د)	سمندر، جانور

7۔ برسات رہتی ہے:

(الف)	دسمبر کے آخر تک	(ب)	نومبر کے آخر تک	(ج)	ستمبر کے آخر تک	(د)	اکتوبر کے آخر تک

8۔ خزاں کے موسم میں:

(الف)	درختوں کے پتے زرد ہونے لگتے ہیں	(ب)	پھول مرجھا جاتے ہیں
(ج)	خشک ہوائیں چلتی ہیں	(د)	تینوں دُرست

9۔ مالٹے اور کینو دھوپ میں بیٹھ کر کھاتے ہیں:

(الف)	موسم سرما میں	(ب)	موسم گرما میں	(ج)	موسم برسات میں	(د)	موسم خزاں میں

10۔ خشک میوہ جات کھائے جاتے ہیں:

(الف)	موسم گرما میں	(ب)	موسم سرما میں	(ج)	موسم بہار میں	(د)	موسم خزاں میں

☆ **درج ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر11، 12اور13 کے جواب دیں۔**

موسم سرما کے بعد فروری کے وسط تک موسم بہار شروع ہو جاتا ہے اور پھر مارچ کے آخر تک موسم خوش گوار رہتا ہے۔ درختوں پر نئے پتے نکلتے ہیں، نئی کونپلیں پھوٹتی ہیں۔ ہر طرف پھول ہی پھول اور سبزہ دکھائی دیتا ہے۔ باغوں میں لوگوں کی آمد و رفت کا سلسلہ تیز ہو جاتا ہے۔ پرندوں کی چہچہاہٹ اور رنگ برنگی تتلیوں کا اڑنا باغوں میں خوب صورت منظر پیش کرتا ہے۔ موسم بہار میں پھولوں کی نمائشیں منعقد کی جاتی ہیں جو لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کرتی ہیں۔ اپریل میں پھر گرمی کا موسم شروع ہو جاتا ہے۔

11۔ مندرجہ بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	تبسم کے پھول	(ب)	عظیم سپہ سالار	(ج)	قدرتی ماحول	(د)	قدرتی آفات

12۔ فروری کے وسط تک شروع ہو جاتا ہے:

(الف)	موسم سرما	(ب)	موسم گرما	(ج)	موسم خزاں	(د)	موسم بہار

13۔ گرمی کا موسم شروع ہو جاتا ہے:

(الف)	اپریل میں	(ب)	مئی میں	(ج)	جون میں	(د)	جولائی میں

حصہ دوم اور سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے 6 نمبر ہوں گے۔ (کل نمبر 12)

(حصہ دوم)

سوال نمبر1: ''برسات کا موسم'' کے عُنوان پر مضمون لکھیں۔

سوال نمبر2: دل لگا کر پڑھائی کی تلقین کے لیے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر1: ترکیب نحوی کے اصول لکھیے۔

سوال نمبر2: ایس ڈی او صاحب (واپڈا) کے نام سٹریٹ لائٹس بہتر بنانے کے لیے درخواست تحریر کریں۔